سوال

(547) گرہن کی خبروں کو نشر کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اس طرح کی خبروں کو نشر کرنا گرہن کی اہمیت کو کم نہیں کرتا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر ان خبروں کی اشاعت کو ترک کر دیا جائے تو یہ احسن وافضل ہے تاکہ لوگ جب اچانک گرہن کو دیکھیں تو ان پر خوف اور گھبراہٹ طاری ہو اور وہ یہ دیکھ کر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی اطاعت وبندگی کے لئے خوب کوشش کریں لیکن بعض ماہرین کی یہ رائے ہے کہ لوگوں کو پہلے سے مطلع کر دینے سے یہ فائدہ ہے کہ اس طرح غفلت میں مبتلا ہو جانے کی بجائے وہ اطاعت اور عبادت الٰہی کے لئے باقاعدہ تیاری کر لیتے ہیں کیونکہ بسا اوقات لوگ گرہن کے بارے میں جب غافل ہوتے ہیں تو انھیں شعور وآگاہی حاصل نہیں ہوتی اور وہ اطاعت وعبادت کے لئے تیار نہیں ہوتے لہذا اخبارات میں اگر پہلے سے خبر شائع کر دی جائے تو وہ خبردار ہو کر اس کے لئے مناسب تیاری کر لیتے ہیں اور ان خبروں کے شائع کرنے سے اکثر وبیشتر یہی مقصود ہونا چاہیے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ: جلد1

صفحہ نمبر 446

محدث فتویٰ